Date: 08-06-16
34 cm x 2 col.

SIB | SECURITY INVESTMENT BANK LTD.

## NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that an Extraordinary General Meeting of Security Investment Bank Limited ("the Company") will be held at Suite No. 4, 3rd Floor, Al-Baber Centre, Main Markaz, F-8, Islamabad, on Wednesday, 29 June 2016 at 9:00 a.m. to transact the following business:

### ORDINARY BUSINESS

1. To confirm the minutes of the twenty fifth Annual General Meeting held on 25 April 2016.
2. To elect Directors in accordance with the provisions of Section 178 of the Companies Ordinance, 1984 for a term of three years commencing from the date of their appointment. As decided by the Board of Directors in its meeting held on 28 April 2016, the number of Directors to be elected would be seven. The names of the present directors retiring at the Extraordinary General Meeting are as follows:

i) Haji Jan Muhammad
ii) Mr Muhammad Mehboob
iii) Mr Sheikh Asim Rafiq
iv) Mr Shaikh Abdullah
v) Mr Muhammad Shoaib
vi) Mr Karim Muhammad Munir
vii) Mr Zafar M Sheikh

### ANY OTHER BUSINESS

3. To transact such other business as may be placed before the meeting with the permission of the chair.

### BOOK CLOSURE

The share transfer book of the company will remain closed from 23 June 2016 to 29 June 2016 (both days inclusive). Transfer applications received in order at the office of the Share Registrar of the Company (i.e. C & K Management Associates (Private) Limited, Room No. 404, Trade Tower, Abdullah Haroon Road, Karachi) by the close of business on 22 June 2016 will be treated in time for determining the entitlement of members to attend the Extraordinary General Meeting of the Company.

By Order of the Board

Karachi
Dated: 8 June 2016

**Shakeel Ahmed**
Company Secretary

### NOTES:

1. Any person who seeks to contest election of the office of Director shall file with the Company at its registered office, situated at Suite Number 4, 3rd Floor, Al-Baber Centre, Main Markaz, F-8, Islamabad, not later than fourteen days before the date of the meeting, a notice of his/her intention in term of section 178(3) of the Companies Ordinance, 1984, along with following:
   a) Duly filled in and signed Annexure A (Information to be provided by promoters, major shareholders, proposed Director and proposed Chief Executive of the NBFC); and Annexure B (Affidavit) prescribed in Schedule IX (Fit and proper criteria) to the NBFC and Notified Entities Regulations, 2008 accompanied by documents prescribed therein.
   b) A declaration that he/she is in compliance with the requirements prescribed in the Schedule IX (Fit and proper criteria) to the NBFC and Notified Entities Regulations, 2008 accompanied by supporting documents (if any).
   c) Pursuant to the Code of Corporate Governance, 2012, a person seeking to contest election of a Director shall have to submit a declaration to the following effect.
      i) He/she is not serving as a Director on more than seven listed companies, including this company (excluding the listed subsidiaries of listed holding companies where applicable),
      ii) He/she is a registered tax payer (not applicable in the case of non-resident), and
      iii) He/she has not defaulted in payment of any loan to a banking company, a DFI or an NBFI or, being a member of a stock exchange, has been declared as a defaulter by that stock exchange.
   d) His/her profile along with the office address for placing on website of the Company to comply with the requirements prescribed in SRO 25(1)/2012 dated 16 January 2012 issued by the SECP.
2. A member entitled to attend and vote at this meeting is entitled to appoint a proxy to attend and vote on his/her behalf. Proxies in order to be effective must be received at the office of the Share Registrar of the company duly stamped and signed not less than 48 hours before the meeting. A member may not appoint more than one proxy.
3. Members are requested to promptly communicate to the Share Registrar of the Company any change in their addresses.
4. Members who have not already submitted attested photocopies of their Computerized National Identity Cards (CNICs) are requested to send the same to our Share Registrar at the earliest.
5. CDC account holders and sub-account holders are required to follow the under mentioned guidelines as laid down by the Securities & Exchange Commission of Pakistan.

   **a) For attending the meeting**
   i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder shall bring his or her original CNIC or original passport at the time of attending meeting.
   ii) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced at the time of meeting.

   **b) For appointing proxies**
   i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder shall submit the proxy form as per the above requirement.
   ii) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC Numbers shall be mentioned on the form.
   iii) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
   iv) The proxy shall produce his or her original CNIC or original passport at the time of meeting.
   v) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature shall be submitted to the company along with proxy form.
6. **Transmission of Financial Statement and Notice of General Meeting to Members through E-mail**

   In terms of SRO 787(I)/2014, SECP has allowed the circulation of Audited Financial Statements along with Notice of Annual General Meeting to the members through e-mail. Therefore, all members of the Company who wish to receive soft copy of Annual Report are requested to send their e-mail addresses. The consent form for electronic transmission could be downloaded from the Company's website **www.sibl.com.pk**

---

SIB | SECURITY INVESTMENT BANK LTD.

## اطلاع غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ سیکیورٹی انویسٹمنٹ بینک لمیٹڈ (''کمپنی'') کا ایک غیر معمولی اجلاسِ عام بروز بدھ ۲۹ جون ۲۰۱۶ء صبح ۹:۰۰ بجے بمقام سویٹ نمبر۴، تیسری منزل، البابر سینٹر، مین مرکز، ایف۔ ۸، اسلام آباد میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا:

### عمومی کارروائی

۱۔ پچیسویں سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ ۲۵ اپریل ۲۰۱۶ء کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

۲۔ کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ کی دفعہ ۱۷۸ کے مطابق ڈائریکٹرز کا انتخاب ان کی تاریخ تقرر سے شروع ہونے والی تین سالہ مدت کیلئے کرنا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس منعقدہ ۲۸ اپریل ۲۰۱۶ء کے فیصلے کے مطابق منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سات ہوگی۔ موجودہ ڈائریکٹرز کے نام جو غیر معمولی اجلاس عام میں سبکدوش ہوں گے حسب ذیل ہیں:

۱۔ حاجی جان محمد
۲۔ جناب محمد محبوب
۳۔ جناب شیخ عاصم رفیق
۴۔ جناب شیخ عبداللہ
۵۔ جناب محمد شعیب
۶۔ جناب کریم محمد منیر
۷۔ جناب ظفر ایم۔ شیخ

### کوئی دیگر کارروائی

۳۔ صدرِ اجلاس کی اجازت سے اجلاس میں پیش کی جانے والی کسی دیگر کارروائی کی انجام دہی۔

### بندش کتاب

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس ۲۳ جون ۲۰۱۶ء تا ۲۹ جون ۲۰۱۶ء (بشمول ہر دو یوم) بند رہیں گی۔ ٹرانسفر کی وہ درخواستیں جو مکمل صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار (سی اینڈ کے مینجمنٹ ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کمرہ نمبر ۴۰۴، ٹریڈ ٹاور، عبداللہ ہارون روڈ، کراچی) کو ۲۲ جون ۲۰۱۶ء کو کاروباری اختتام تک وصول ہو جائیں گے انہیں کمپنی کے غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کیلئے ممبران کے استحقاق کا تعین کرنے کے سلسلے میں بروقت تصور کئے جائیں گے۔

حسب الحکم بورڈ

**شکیل احمد**
کمپنی سیکریٹری

کراچی
مورخہ: ۸ جون ۲۰۱۶ء

### نوٹ:

۱۔ کوئی بھی فرد جو ڈائریکٹر کے عہدے کیلئے انتخاب لڑنا چاہتا/چاہتی ہو اسے کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ کی دفعہ ۱۷۸(۳) کے مطابق اپنے ارادے کا نوٹس مع مندرجہ ذیل دستاویزات کمپنی کے پاس اس کے رجسٹرڈ آفس بمقام سویٹ نمبر۴، تیسری منزل، البابر سینٹر، مین مرکز، F-8، اسلام آباد میں اجلاس کی تاریخ سے کم از کم چودہ یوم قبل جمع کرانا ہوگا۔

اے) این بی ایف سی اینڈ نوٹیفائیڈ اینٹیٹیز ریگولیشنز ۲۰۰۸ کے شیڈول IX (موزوں اور درست معیار) میں مقرر کردہ ضمیمہ اے (جس میں پروموٹرز، بڑے شیئر ہولڈرز، مجوزہ ڈائریکٹر اور این بی ایف سی کے مجوزہ چیف ایگزیکٹو کی جانب سے معلومات فراہم کی گئی ہوں) اور ضمیمہ بی (حلف نامہ) مکمل اور دستخط شدہ بمعہ مقرر کردہ دستاویزات۔

بی) ایک توثیق نامہ کہ وہ این بی ایف سی کیلئے شیڈول IX (موزوں اور درست معیار) این بی ایف سی اینڈ نوٹیفائیڈ اینٹیٹیز ریگولیشنز ۲۰۰۸ بشمول تائیدی دستاویزات (اگر کوئی ہوں) میں مقرر کردہ شرائط پر پورا اترتا/اترتی ہے۔

سی) کوڈ آف کارپوریٹ گورننس ۲۰۱۲ء کے مطابق ہر اس شخص کیلئے جو ڈائریکٹر کے عہدے کیلئے انتخاب لڑنا چاہتا ہے لازم ہے کہ درج ذیل کے سلسلے میں ایک توثیق نامہ جمع کرائے۔

i) وہ سات سے زائد لسٹڈ کمپنیز میں ڈائریکٹر کے فرائض انجام نہیں دے رہا/رہی جن میں کمپنی ہٰذا بھی شامل ہے (ماسوائے لسٹڈ ہولڈنگ کمپنیز کے لسٹڈ ذیلی ادارے جہاں یہ لاگو ہوتا ہو)۔
ii) وہ رجسٹرڈ ٹیکس دہندہ ہے (نان۔ ریزیڈنٹ کی صورت میں لاگو نہیں ہوتا) اور
iii) وہ کسی بینکنگ کمپنی، کسی ڈی ایف آئی یا کسی این بی ایف آئی کو کسی بھی قرض کی ادائیگی میں نادہندہ نہیں ہے یا اسٹاک ایکسچینج کے ممبر کی حیثیت سے متعلقہ اسٹاک ایکسچینج کی جانب سے اسے نادہندہ قرار نہیں دیا گیا۔

ڈی) ایس ای سی پی کے SRO 25(1)2012 مجریہ 16 جنوری 2012 میں مندرجہ شرائط پر پورا اترنے کیلئے اس کا/کی پروفائل بشمول دفتر کے پتے کے جو کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر لگائی جائے۔

۲۔ ہر وہ ممبر جسے اجلاس ہٰذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے اپنے بجائے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے ایک پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ موثر العمل ہونے کے لئے پراکسیز باقاعدہ اسٹیمپ شدہ و دستخط شدہ اجلاس سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے آفس میں لازماً وصول ہو جائیں۔ ایک ممبر ایک سے زائد پراکسیز مقرر نہیں کر سکے گا۔

۳۔ ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے پتوں میں کسی بھی تبدیلی سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر مطلع کریں۔

۴۔ جن ممبران نے تاحال اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی فوٹو کاپی جمع نہیں کرائی ہے ان سے درخواست ہے کہ وہ اس کی نقل فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کردیں۔

۵۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز اور ضمنی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی درج کردہ مندرجہ ذیل رہنما ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:

**الف) اجلاس میں شرکت کے لئے**

i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا ضمنی اکاؤنٹ ہولڈر کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اوریجنل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔
ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط نامزد اجلاس میں پیش کرنا ہوگی۔

**ب) پراکسیز مقرر کرنے کے لئے**

i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا ضمنی اکاؤنٹ ہولڈر کو مذکورہ بالا تقاضے کے مطابق پراکسی کا فارم جمع کرانا ہوگا۔
ii) پراکسی فارم پر دو گواہ افراد کے دستخط ہونا چاہئیں جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبرز فارم میں درج ہوں گے۔
iii) بینیفشل اونرز اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ مہیا کرنی ہوں گی۔
iv) پراکسی کو اپنا اوریجنل سی این آئی سی یا اوریجنل پاسپورٹ بوقت اجلاس پیش کرنا ہوگا۔
v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانی ہوگی۔

۶۔ **ممبران کو بذریعہ ای میل مالیاتی حسابات اور اطلاع سالانہ اجلاسِ کی منتقلی**

ایس آر او 787(1)/2014 کے مطابق ایس ای سی پی نے ممبران کو آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کے ہمراہ بذریعہ ای میل ارسال کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ لہٰذا کمپنی کے وہ تمام ممبران جو سالانہ اجلاس رپورٹ کی سافٹ کاپی وصول کرنا چاہتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے ای میل ایڈریسز ارسال کردیں۔ الیکٹرونک منتقلی کے لئے اجازت نامے کا فارم کمپنی کی ویب سائٹ **www.sibl.com.pk** سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔